## سوال

(189) ایام حیض کے دنوں میں خون نا آنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک خاتون کا کہنا ہے کہ اس کی ماہانہ عادت سات آٹھ دن ہوتی ہے مگر بعض اوقات ساتویں دن نہ تو خون نظر آتا ہے اور نہ ہی طہر، تو اس حالت میں نماز روزے وغیرہ کا کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسے جلدی نہیں کرنی چاہیئے حتیٰ کہ پھایہ کو خوب صاف دیکھے جسے کہ عورتیں پہچانتی ہیں، اور یہی طہر کی علامت ہوتی ہے ۔ محض خون کا رک جانا طہر نہیں ہوتا، بلکہ چاہیئے کہ معلوم و معروف عادت کے دن پورے ہوں اور طہر کی علامت بھی دکھائی دے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 201**

محدث فتویٰ